# اشتہار نیلام (E-Auction) تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن حویلیاں (پہلی بار)

تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن حویلیاں اپنے درج ذیل ٹھیکہ جات برائے مالی سال از یکم جولائی 2026ء تا 30 جون 2027ء، حسب ہدایت لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخوا پشاور مراسلہ No. AOII LCB/6-11/2026/ مورخہ 07.05.2026 کے مطابق بذریعہ E-Baldia/E-Auction System ای نیلام ٹھیکیداران / فرم جنہوں نے لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخوا سے رجسٹریشن کروائی ہو بذریعہ ای آکشن بولی میں حصہ لے سکتا ہے درج ذیل پروگرام کے تحت آن لائن نیلام عام کرنا چاہتی ہے۔ خواہشمند حضرات ذیل شرائط کے تحت نیلام میں حصہ لے سکتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ای نیلامی کے کھلنے کی تاریخ اور وقت | 22.06.2026 | وقت صبح 09:00 بجے |
| ای نیلامی کے بند ہونے کی تاریخ اور وقت | 24.06.2026 | بوقت سہ پہر 03:59:59 بجے |

| نمبر شمار | نام ٹھیکہ | ٹھیکہ کی میعاد | 5% زر ضمانت |
|---|---|---|---|
| 1 | منڈی مال مویشیاں حویلیاں | یکم جولائی 2026ء تا 30 جون 2027ء | Rs 20,00,000/- |
| 2 | واٹر ریٹ (بشمول بقایاجات) | ایضاً | Rs. 6,00,000/- |
| 3 | جنرل بس سٹینڈ حویلیاں | ایضاً | Rs.1,00,000/- |
| 4 | سائن بورڈ فیس | ایضاً | Rs. 70,000/- |
| 5 | منڈی مال مویشیاں کیکوٹ | ایضاً | Rs. 25,000/- |
| 6 | لیٹرین فیس | ایضاً | Rs. 25,000/- |
| 7 | سلاٹر ہاؤس فیس | ایضاً | Rs.15,000/- |

## چیدہ چیدہ شرائط نیلام :-

1. آن لائن نیلامی کا طریقہ کار محکمہ کی ویب سائٹ www.cfims.lcbpk.gov.pk پر آن لائن نیلامی کی تاریخ سے پہلے ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔ نیز آن لائن بولی مندرجہ بالا شیڈول کے تحت شروع اور ختم ہو گی۔
2. تمام لوکل کونسلز ای۔ نیلامی کے یکساں شیڈول پر عمل کریں گے۔ نیلامی کا عمل 03 دفتری اوقات کار میں پیر سے بدھ تک صبح 09:00 بجے سے شام 04:00 بجے تک منعقد کیا جائے گا۔
3. ای۔ نیلامی کے عمل میں حصہ لینے کے لئے صرف وہ ٹھیکیدار اہل ہوں گے، جو کسی بھی لوکل کونسل کے باقاعدہ بولی دہندہ ہوں گے اور مقررہ کیٹیگری کے مطابق لوکل کونسل بورڈ، پشاور کے ساتھ باقاعدہ رجسٹرڈ ہوں۔
4. ٹھیکیدار مذکورہ ٹھیکہ کی نیلامی کے لئے مقرر کردہ آخری تاریخ سے دو (02) دن قبل ای سی۔ ڈی۔ آرز (CDRs) اپ لوڈ کرے گا۔
5. جہاں ایک مناسب ترین بولی موصول ہوتی ہے، جو پچھلے سال کے آمدن / بولی پر خاطر خواہ اضافے یعنی دس فیصد (10%) کی عکاسی کرتی ہو، تو کامیاب بولی دہندہ تین (03) دن کے اندر اندر متعلقہ لوکل کونسل کے اکاؤنٹ میں 15% ایڈوانس اور 5% سیکورٹی جمع کرانے کا پابند ہو گا۔
6. شرکت کا ارادہ رکھنے والا ہر ٹھیکیدار / فرم شرکت سے قبل متعلقہ لوکل کونسل کے حق میں پچھلے سال کی آمدنی کے 5% کے برابر زر بیعانہ (Earnest Money) جو اوپر درج ہیں، جمع کرانے کا پابند ہو گا۔ ناکام دہندگان کا زر بیعانہ نیلامی کا عمل مکمل ہونے کے سات (07) دنوں کے اندر واپس کر دیا جائے گا۔
7. ای۔ نیلامی اختتام پر، کامیاب بولی دہندہ کو عارضی ایوارڈی (Provincial Awardee) تصور کیا جائے گا۔ متعلقہ تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (TMA) سات دن کے اندر معاہدے کے ڈرافٹ پر دستخط سمیت تمام دیگر کاروائیاں مکمل کرے گی۔
8. کامیاب بولی دہندہ دو ایسے ضامن (Guarantors) فراہم کرے گا۔ جو کنٹریکٹ کی رقم کے برابر غیر منقولہ جائیداد (Immovable Property) کے مالک ہوں۔ جس کی باقاعدہ تصدیق فرسٹ کلاس مجسٹریٹ سے کرائی ہو گی۔
9. مقررہ وقت کے اندر ایڈوانس رقم جمع کرانے یا معاہدے پر عمل کرنے میں ناکامی کی صورت میں بولی خود بخود منسوخ تصور کی جائے گی۔ اور متعلقہ لوکل کونسل کے حق میں زر بیعانہ ضبط کر لیا جائے گا۔ پھر یہ ٹھیکہ دوسرے سب سے زیادہ بولی دینے والے کو اس کی پیش کردہ بولی کے ریٹ پر آفر کیا جا سکتا ہے۔
10. ان ٹھیکوں کے لئے جن فیسوں / ٹیکسوں کے سالانہ وصولی شامل ہے۔ ٹھیکیدار معاہدے کی رقم کا 50% پیشگی جمع کرائے گا۔ جبکہ بقیہ 50% مالی سال کے اواخر تین مساوی اقساط میں ادا کرنے کا پابند ہو گا۔
11. کامیاب بولی دہندہ ماہانہ اقساط ہر ماہ کی 5 تاریخ کو یا اس سے پہلے جمع کرانے کا پابند ہو گا۔ تاخیر کی صورت میں 10 ویں دن تک 02% جرمانہ عائد کیا جائے گا۔ جس کے بعد 03 دن مسلسل نوٹس جاری کیے جائیں گے۔ عدم تعمیل کی صورت میں اسے ماہ کی 15 تاریخ تک معاہدہ منسوخ کیا جا سکتا ہے۔
12. تمام قابل اطلاق وفاقی اور صوبائی ٹیکس، ڈیوٹیز اور لیویز بشمول کے پی آر اے (KPRA) سیلز ٹیکس اور آئندہ وقتاً فوقتاً جو بھی لاگو ہو گی، ٹھیکیدار ادا کرنے کا پابند ہو گا۔
13. معاہدے کو کسی اور کے حوالے (Sublet)، منتقل (Transferred) یا تفویض (Assigned) نہیں کیا جائے گا۔ دستبرداری یا جاری رکھنے میں ناکامی کی صورت میں، معاہدہ ٹھیکیدار کے رسک اینڈ کاسٹ پر منسوخ کر دیا جائے گا۔ جو معاہدے کی رقم کے 10% سے کم نہیں ہو گا۔
14. ٹھیکیدار اور لوکل کونسل کے درمیان معاہدے یا کسی دوسرے معاملے سے متعلق کسی بھی تنازعہ کی صورت میں، متعلقہ ریجنل میونسپل آفیسر (RMO) ثالثی کرے گا۔ اور اس کا فیصلہ حتمی اور پابند ہو گا۔
15. ای۔ بلدیہ / ای۔ نیلامی سسٹم کے ذریعے ای۔ نیلامی کے عمل میں شرکت، مندرجہ بالا تمام شرائط و ضوابط کی قبولیت تصور کی جائیگی۔ اور ٹھیکیدار اس کی پابندی کرے گا۔

تحصیل آفیسر (ریگولیشن)،
تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن حویلیاں۔

تحصیل میونسپل آفیسر،
تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن حویلیاں۔

ZERO TOLERANCE TO CORRUPTION — INF (P) 2469/26

روزنامہ اوصاف 23/5/2026

Scanned with CamScanner